بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس ٦

## باقی حروف جارہ

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

حروف جر میں سے بارہواں حرف باء قسم ہے: بِاللهِ لَأَفْعَلَنَّ كَذا

حروف جر کا تیرہواں حرف واو قسم ہے: واللهِ لأفْعَلَنّ كذا

حروف جرّ کا چودہواں حرف تاء قسم ہے: تاللهِ لأفْعَلَنَّ كذا

یہ تین حروف قسم کہ لیے استعمال ہوتے ہیں۔

حروف جر کا پندرہواں حرف حاشا ہے اور اسکا ایک معنٰی ہے:

(١) تنزیہ: کسی شخص کو بَری قرار دینا کسی صفت سے یا کسی چیز سے۔ ساءَ القومُ حاشا زَيْدٍ، یعنی ساری قوم خراب ہے سوائے زید کے۔

حاشا کا دوسرا استعمال استثناء کے لیے ہے: جاءني القوم حاشا زيداً، جب اس معنٰی کے لیے استعمال ہو تو اپنے بعد والے اسم کو نصب دیتا ہے جس کی تفصیل بعد میں آ گئی۔

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

حروف جَر کے باقی دو حروف خَلا اور عدا ہیں اور ان کا ایک معنی ہے:

ا۔ استثناء: یعنی کسی چیز کو کسی گروہ سے خارج کرنا: جاءني القوم عدا زيدٍ ، وأكرمت القوم خلا زيدٍ، میرے پاس قوم آئی سوائے زید کے۔

نکات:

(١) کبھی کبھار حاشا، خَلا اور عَدا فعل کی بناپر نصب بھی دیتے ہیں۔

(٢) بعض اوقات یہ حروف حذف ہو جاتے ہیں اور بعد والے اسم کو نصب دی جاتی ہے جس کو منصوب بنزع الخافض کہا جاتا ہے:

[وَاخْتَارَ مُوسَىٰ قَوْمَهُ سَبْعِينَ رَجُلًا](اعراف ١٥٥)

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv